کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبائی محکموں کی اگلے مالی سال 2026-27 کے لیے تفصیلی منصوبہ بندی کا جائزہ لیا گیا اور نئے اہداف کا تعین کیا۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے تمام صوبائی محکموں کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اگلے سال کے پلان میں صرف نئی عمارتیں بنانا کافی نہیں بلکہ موجودہ وسائل سے عوام کو ریلیف دینا اصل ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ غیر ترقیاتی بجٹ ("Non-Development Budget") کو صرف دفتری اخراجات تک محدود رکھنے کے بجائے اسے براہ راست عوامی مفاد اور سروس ڈیلیوری کے لیے بھی استعمال میں لایا جائے۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ تمام محکمے اپنے منصوبوں کو صوبائی ترقیاتی فریم ورک سے ہم آہنگ کریں تاکہ وسائل کا مؤثر استعمال یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں اہم شعبوں کی منصوبہ بندی صحت کا شعبہ، بچوں کے سکولوں میں داخلہ میں اضافہ، زراعت، ٹرانسپورٹ، ایری گیشن، لائیو سٹاک، فشریز، ماحولیات، کلچر و ٹورازم سمیت دیگر محکموں کے منصوبہ بندی کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں یہ بھی طے پایا کہ عوامی خدمات کی فراہمی میں بہتری لانے کے لیے گڈ گورننس روڈ میپ کو سختی سے نافذ کیا جائے گا۔


MASHRIQ QUETTA


## غیر ترقیاتی بجٹ براہ راست عوامی مفاد کیلئے استعمال میں لایا جائے، چیف سیکرٹری

**تمام محکمے اپنے منصوبوں کو صوبائی ترقیاتی فریم ورک سے ہم آہنگ کریں تاکہ وسائل کا مؤثر استعمال یقینی بنایا جا سکے**

**عوامی خدمات کی فراہمی میں بہتری لانے کے لیے گڈ گورننس روڈ میپ کو سختی سے نافذ کیا جائے گا، شکیل قادر خان**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبائی محکموں کی اگلے مالی سال 2026-27 کے لیے تفصیلی منصوبہ بندی کا جائزہ لیا گیا اور نئے اہداف کا تعین کیا۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے تمام صوبائی محکموں کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اگلے سال کے پلان میں صرف نئی عمارتیں بنانا کافی نہیں بلکہ موجودہ وسائل سے عوام کو ریلیف دینا اصل ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ غیر ترقیاتی بجٹ "(Development Budget Non) کو صرف ..........

بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

دفتری اخراجات تک محدود رکھنے کے بجائے اسے براہ راست عوامی مفاد اور سروس ڈیلیوری کے لیے بھی استعمال میں لایا جائے۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ تمام محکمے اپنے منصوبوں کو صوبائی ترقیاتی فریم ورک سے ہم آہنگ کریں تاکہ وسائل کا مؤثر استعمال یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں اہم شعبوں کی منصوبہ بندی صحت کا شعبہ، بچوں کے سکولوں میں داخلہ میں اضافہ، زراعت، ٹرانسپورٹ، ایری گیشن، لائیو سٹاک، فشریز، ماحولیات، کلچر و ٹورازم سمیت دیگر محکموں کے منصوبہ بندی کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں یہ بھی طے پایا کہ عوامی خدمات کی فراہمی میں بہتری لانے کے لیے گڈ گورننس روڈ میپ کو سختی سے نافذ کیا جائے گا۔ اجلاس بلوچستان کی مجموعی ترقیاتی حکمت عملی کا حصہ ہے جو وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کو خوشحال بنانے کی سمت میں اہم قدم ہے۔ اجلاس میں ایس ایم بی آر، چیئرمین سی ایم آئی ٹی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ سمیت تمام سیکرٹریز نے شرکت کی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 01 APR 2026 Page No. 18

# بلوچستان میں ابتدائی تعلیم کی بہتری کیلئے 9.07 ملین ڈالر کے منصوبے کا آغاز

سسٹم ٹرانسفارمیشن ان بلوچستان فار ارلی ایجوکیشن کے عنوان سے شروع کئے گئے منصوبے میں معیاری ابتدائی تعلیمی پروگراموں تک رسائی کو بڑھانا، اساتذہ کی بہتر تربیت اور دیگر تعلیمی امور شامل ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) حکومت نے بلوچستان میں ابتدائی تعلیم کی بہتری کیلئے 9.07 ملین ڈالر کا منصوبہ شروع کیا ہے، جس کا مقصد ہزاروں بچوں تک رسائی حاصل کرنا ہے، خاص طور پر دیہی اور پسماندہ علاقوں میں جہاں ابتدائی تعلیم تک رسائی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ یہ منصوبہ محکمہ تعلیم بلوچستان کے تحت نافذ کیا جا رہا ہے اور اس کی تکمیل 30 جون 2029 تک متوقع ہے۔ سسٹم ٹرانسفارمیشن ان بلوچستان فار ارلی ایجوکیشن کے عنوان سے شروع کیے گئے اس اقدام کا مقصد معیاری ابتدائی تعلیمی پروگراموں تک رسائی کو بڑھانا، اساتذہ کی تربیت کو بہتر بنانا، اور صوبائی تعلیمی نظام کی ادارہ جاتی صلاحیت کو مضبوط کرنا ہے۔ منصوبے میں پسماندہ اضلاع میں اسکولوں کے انفراسٹرکچر کی بہتری، ابتدائی تعلیم کے لیے معیاری نصاب کا نفاذ، اور تعلیمی خدمات کی مؤثر فراہمی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

کو یقینی بنانے کے لیے نگرانی کے نظام کا قیام بھی شامل ہے۔ اگرچہ منصوبہ باضابطہ طور پر شروع ہو چکا ہے، تاہم مالی پیش رفت ابھی محدود ہے اور اب تک صرف 0.4 فیصد فنڈز جاری کیے گئے ہیں۔ دستاویز کے مطابق ابتدائی تاخیر کے بعد منصوبے کے لیے عملے کی بھرتی مکمل کر لی گئی ہے، جبکہ تعلیمی مواد کی خریداری، تربیتی پروگرام، اور انفراسٹرکچر کے معاہدوں کا آغاز جلد متوقع ہے۔ یہ اقدام بلوچستان کے لیے نہایت اہم قرار دیا جا رہا ہے، جو خواندگی کی شرح اور اسکولوں میں داخلوں کے حوالے سے پاکستان کے دیگر صوبوں کے مقابلے میں مسلسل پیچھے رہا ہے۔

# قانونی پیشے میں رہنمائی، پیشہ ورانہ مہارت میں اضافہ، خواتین وکلاء کیلئے تربیتی سیشن

عورت فاؤنڈیشن، یو این ویمن اور جرمن سفارت خانہ کے تعاون سے خواتین وکلاء کیلئے جامع، معلوماتی اور تربیتی سیشن کا انعقاد

ماہرین کا قانونی پیشے میں خواتین کی شمولیت کے اہم پہلو، پیشہ ورانہ ترقی کی ضرورت اور انصاف کے نظام میں صنفی حساسیت کی اہمیت پر زور

کوئٹہ (این این آئی) عورت فاؤنڈیشن، یو این ویمن اور جرمن سفارت خانہ کے تعاون سے خواتین وکلاء کے لئے جامع، معلوماتی اور تربیتی سیشن منعقد ہوا جس کا مقصد قانونی پیشے میں خواتین کی رہنمائی، پیشہ ورانہ مہارتوں میں اضافہ، کیریئر کے عملی راستوں سے آگاہی اور مضبوط و بااعتماد نیٹ ورک تشکیل دینا تھا۔ سیشن گزشتہ روز کوئٹہ چیمبر آف کامرس میں منعقد ہوا۔ شرکاء نے سیشن کو نہایت مفید اور معلوماتی قرار دیا اور اسے اپنے پیشہ ورانہ سفر میں اہم سنگ میل قرار دیا۔ اس ضمن میں ماہرین نے قانونی پیشے میں خواتین کی شمولیت کے اہم پہلو، ان کی پیشہ ورانہ ترقی کی ضرورت اور انصاف کے نظام میں صنفی حساسیت اور شمولیت کی اہمیت پر زور دیا۔ ڈائریکٹر بلوچستان جوڈیشل اکیڈمی امین اللہ کاسی نے خطاب میں عورت فاؤنڈیشن کی کاوشوں کو سراہا اور خواتین وکلاء کی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

زئی، پرائیویٹ اسکولز فیڈریشن بلوچستان کے صدر نذر بڑیچ، پروفیسر عبدالرشید طیوی، پروفیسر سعدیہ فاروقی، زاہد جان مندوخیل، ڈاکٹر دوست محمد بڑیچ، پروفیسر ڈاکٹر فیصل احمد خان، پروفیسر ڈاکٹر لال کاکڑ، ڈاکٹر حافظ نجیب اللہ، پروفیسر ڈاکٹر جمیل آغا، پروفیسر عبدالرزاق برکانی، پرائیویٹ اسکولز فاؤنڈیشن کے چیئرمین جعفر خان کاکڑ، فرید بگٹی سمیت دیگر ماہرین نے شرکت کی اور اپنی تجاویز پیش کیں۔ مقررین نے اجلاس میں آن لائن تعلیم کو موجودہ حالات میں ناکافی قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ بجلی، صاف پانی، انٹرنیٹ کی عدم دستیابی اور غربت جیسے مسائل کے باعث آن لائن نظام مؤثر ثابت نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت تعلیمی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے اور نظام تعلیم میں حائل رکاوٹوں کو دور کر کے اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرے۔ ماہرین تعلیم نے زور دیا کہ تعلیم کو اولین ترجیح دی جائے، کیونکہ اساتذہ اور تعلیمی شعبے کو سہولیات فراہم کیے بغیر مسائل میں مزید اضافہ ہوگا۔ شرکاء نے حکومت کی جانب سے تعلیمی ادارے کھولنے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ مستقبل میں کسی بھی پالیسی یا فیصلے سے قبل ماہرین تعلیم اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو مشاورتی عمل میں شامل کیا جائے گا۔

# کمانڈنٹ نوشکی ملیشیاء سے ٹرانسپورٹرز کی ملاقات' مسائل سے آگاہ کیا

ٹرانسپورٹرز افغان مہاجرین کو گاڑیوں میں نہ بٹھائیں' لاک ڈاؤن میں مرحلہ وار نرمی کی جائیگی' کرنل جاوید

نوشکی (آن لائن) کمانڈنٹ نوشکی ملیشیاء کرنل جاوید الیاس سے نوشکی بس ٹرانسپورٹ اور منی بس ٹرانسپورٹ کے وفد کی ملاقات۔ وفد میں بس ٹرانسپورٹ یونین کے صدر میر زاہد مینگل نائب صدر سردار نور احمد مینگل شاہ اللہ ٹوڈی یونین کے صدر امان اللہ بادینی منی بس کے رہنما اورنگزیب مینگل ودیگر شامل تھے۔ وفد نے کمانڈنٹ نوشکی ملیشیاء کو لاک ڈاؤن کے دوران مشکلات ودیگر مسائل سے آگاہ کیا۔ کمانڈنٹ نوشکی ملیشیاء نے یقین دہانی کرائی کہ لاک ڈاؤن کے حوالے سے مرحلہ وار نرمی کی جائے

بقیہ نمبر 36 صفحہ 5 پر

گی، انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز اپنی گاڑیوں میں افغان مہاجرین کو نہ بٹھائیں، افغان مہاجرین کے خلاف یکم اپریل سے کارروائی شروع کی جائے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 01 APR 2026 Page No. 19


# کسی بھی ہنگامی صورتحال میں تعلیمی اداروں کی بندش آخری آپشن ہونا چاہئے، ماہرین تعلیم

## آن لائن کلاسز موجودہ حالات میں ناکافی، مباحثے سے خطاب، شرکاء کا حکومت کی جانب سے تعلیمی ادارے کھولنے کے فیصلے کا خیر مقدم

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے ماہرین تعلیم نے مطالبہ کیا ہے کہ صوبے اور ملک میں کسی بھی ہنگامی یا مشکل صورتحال کے دوران تعلیمی اداروں کی بندش کو آخری آپشن کے طور پر رکھا جائے کیونکہ تعلیمی ادارے ہی قومی اور بین الاقوامی سطح پر ترقی یافتہ معاشروں کی بنیاد رکھتے ہیں۔ کوئٹہ میں منعقدہ تعلیمی مباحثے کے دوران اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تعلیمی نظام کو ہر حال میں جاری رکھنا ناگزیر ہے۔ پالیسی ڈائیلاگ میں پروفیسر سراج کاکڑ پرنسپل سائنس گریجویٹ کالج، عبدالمتین مجلس فکر و دانش، پروفیسر ڈاکٹر معصوم خان یاسین بقیہ نمبر 6 صفحہ 5 پر

زئی، پرائیویٹ اسکولز فیڈریشن بلوچستان کے صدر نذر بڑیچ، پروفیسر عبدالرشید طیلوئی، پروفیسر سعدیہ فاروقی، زاہد جان مندوخیل، ڈاکٹر دوست محمد بڑیچ، پروفیسر ڈاکٹر فیصل احمد خان، پروفیسر ڈاکٹر لال کاکڑ، ڈاکٹر حافظ نجیب اللہ، پروفیسر ڈاکٹر جمیل آغا، پروفیسر عبدالرزاق برکانی، پرائیویٹ اسکولز فاؤنڈیشن کے چیئرمین جعفر خان کاکڑ، فرید مگسی سمیت دیگر ماہرین نے شرکت کی اور اپنی تجاویز پیش کیں۔ مقررین نے اجلاس میں آن لائن تعلیم کو موجودہ حالات میں ناکافی قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ بجلی، صاف پانی، انٹرنیٹ کی عدم دستیابی اور غربت جیسے مسائل کے باعث آن لائن نظام موثر ثابت نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت تعلیمی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے اور نظام تعلیم میں حائل رکاوٹوں کو دور کر کے اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرے۔ ماہرین تعلیم نے زور دیا کہ تعلیم کو اولین ترجیح دی جائے، کیونکہ اساتذہ اور تعلیمی شعبے کو سہولیات فراہم کیے بغیر مسائل میں مزید اضافہ ہوگا۔ شرکاء نے حکومت کی جانب سے تعلیمی ادارے کھولنے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ مستقبل میں کسی بھی پالیسی یا فیصلے سے قبل ماہرین تعلیم اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو مشاورتی عمل میں شامل کیا جائے گا۔

# ڈی سی کیچ کی زیر صدارت بی ایس ڈی آئی منصوبوں کا جائزہ اجلاس

## فیز ون اور ٹو پر بریفنگ، منصوبوں مقررہ مدت میں مکمل اور موثر نگرانی یقینی بنائی جائے، یاسر اقبال دشتی

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت بی ایس ڈی آئی منصوبے کے فیز ون اور فیز ٹو کی کارکردگی اور پیشرفت کے جائزے کے حوالے سے اجلاس ہوا جس بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

میں منصوبے سے وابستہ متعلقہ افسران نے شرکت کی اور تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر نے دونوں فیز کے تحت مکمل شدہ اور زیر تکمیل منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ حکام نے آگاہ کیا کہ فیز ون کے بیشتر منصوبے مکمل ہو چکے ہیں جبکہ ان کی جامع پیشرفت رپورٹ آئندہ اجلاس میں پیش کی جائے گی جبکہ فیز ٹو کے تحت مختلف منصوبوں پر کام تسلسل کے ساتھ جاری ہے، جن میں سے بعض منصوبے مکمل ہو چکے ہیں، کچھ زیر تکمیل ہیں جبکہ چند منصوبے تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو چکے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت جاری کی کہ فیز ٹو کے تمام منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور ان کی موثر نگرانی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جن منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر یا شفافیت کی کمی پائی گئی، ان کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، اور اس ضمن میں مکمل تفصیلات آئندہ اجلاس میں پیش کی جائیں۔

# ادارہ شماریات ریجنل آفس کوئٹہ میں دو روزہ تربیتی سیشن مکمل ہو گیا

## صوبے بھر سے فیلڈ اسٹاف کے انچارجز اور نمائندوں کی شرکت، جدید ٹیکنالوجی سے آگہی دی گئی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان ادارہ شماریات ریجنل آفس کوئٹہ میں سنڈی ان لائیو پلانٹس نرسریز ٹریننگ سی پی این اے پروجیکٹ کے حوالے سے دو روزہ تربیتی سیشن 30 مکمل ہو گیا بلوچستان بقیہ نمبر 8 صفحہ 5 پر

بھر سے فیلڈ اسٹاف کے انچارجز اور نمائندوں نے شرکت کی اس تربیت کا مقصد زندہ پودوں کی نرسریوں کے مطالعے کے سروے کے حوالے سے شرکاء کو آگاہی فراہم کرنا تھا جو زرعی شعبے میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور سروے کے ذریعے بہتر نتائج حاصل کیے جا سکیں۔ تربیتی کورس کے اختتامی تقریب میں سید روح اللہ شاہ صوبائی سربراہ پاکستان ادارہ شماریات نے کہا کہ یہ تربیت ملک کی زرعی منصوبہ بندی میں اہم کردار ادا کرے گی اور شماریاتی اعداد و شمار کی اہمیت کو اجاگر کیا اور کہا کہ فیلڈ کا کام دیانتداری سے سرانجام دیں تاکہ صحیح ڈیٹا اکٹھا ہو سکے۔ پاکستان ادارہ شماریات کے چیف سسٹم اینالسٹ سید فرحان علی اور عرفان باجوہ نے تربیت کے دوران شرکاء کو جدید آئی ٹی ٹولز کے استعمال، ٹیبلٹس پر ڈیٹا کے حصول اور مختلف ماڈیولز سے آگاہ کیا اس کے علاوہ اسلام آباد کے شماریات آفیسر ذیشان امتیاز نے فیلڈ میں ڈیٹا کے حصول پر تفصیل سے بریفنگ دی اور اس بات پر زور دیا کہ اگر فیلڈ کے دوران کوئی مسئلہ یا سوال ہو تو شرکاء اپنے متعلقہ طریقہ کار کے تحت رابطہ کر سکتے ہیں۔ اختتامی تقریب کے آخر میں صوبائی سربراہ روح اللہ شاہ نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور ان کی محنت اور لگن کو سراہا۔ تربیتی سیشن کی کامیابی کے بعد فیلڈ آپریشن دو اپریل سے شروع کیا جائیگا

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 01 APR 2026 Page No. 20


# تنازعات کے خاتمے کیلئے قبائلی مشران و علماء کرام مثبت کردار ادا کریں، اے این پی

## قلعہ عبداللہ میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے جدوجہد کا سلسلہ جاری رکھیں گے، انجینئر زمرک خان اچکزئی

**تنازعات امن و امان متاثر اور ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹ بنتے ہیں دورے کے دوران قبائلی عمائدین سے گفتگو، لواحقین سے اظہار تعزیت**

جعفر آباد/ قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ضلع قلعہ عبداللہ میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے جدوجہد کا سلسلہ ہر صورت جاری رکھیں گے انہوں نے زور دیا کہ قیام امن اور قبائلی تنازعات کا خاتمہ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، جس کیلئے تمام قبائلی مشران، سیاسی و سماجی عمائدین اور علماء کرام کو مثبت اور موثر کردار ادا کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر داؤد خان اچکزئی، رہنما صلاح الدین، حسن خان، صادق کاکڑ اور انصیب اللہ ملا خیل کے ........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

ہمراہ ضلع قلعہ عبداللہ اور ضلع چمن کے مختلف علاقوں کے دورے کے دوران کیا اس موقع پر انہوں نے مختلف قبائلی و سماجی شخصیات سے ملاقاتیں کیں اور مرحومین کے لواحقین سے تعزیت کرتے ہوئے فاتحہ خوانی بھی کی انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ موجودہ حالات میں باہمی اتحاد و اتفاق کی اشد ضرورت ہے، کیونکہ یہی وہ واحد راستہ ہے جس کے ذریعے علاقے کو درپیش مسائل پر قابو پایا جا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ قبائلی تنازعات نہ صرف امن و امان متاثر بلکہ ترقی کی راہ میں بھی بڑی رکاوٹ بنتے ہیں، اس لئے ان کے مستقل حل کیلئے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں انہوں نے مزید کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی ہمیشہ عوامی مسائل کے حل، امن کے قیام اور علاقے کی ترقی کے لئے سرگرم عمل رہی ہے

# نااہل حکمرانوں کے باعث ملکی معیشت وینٹی لیٹر پر ہے، جمعیت نظریاتی

## حکومت پیٹرولیم مصنوعات اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ کرکے عوام اور تاجروں کا استحصال کر رہی ہے، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

## غریب عوام ٹیکس ادا، بیوروکریسی ملک کے وسائل بے دریغ لوٹ رہی ہے، مولانا عبدالرؤف، سید عبدالستار شاہ چشتی

**معاشی ابتری، مہنگائی اور بیروزگاری کے باعث لاکھوں نوجوانوں نے ملک چھوڑ دیا، حیات اللہ کاکڑ و دیگر رہنماؤں کا ردعمل**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی کنوینئر مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ حکمرانوں کی نااہلی، مہنگائی اور آئی ایم ایف کی ظالمانہ پالیسیوں کے باعث ملک تباہی کے دہانے پر کھڑا ہے جس نے عام آدمی کی کمر توڑ کر رکھ دی ........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

ہے ملک کو درپیش معاشی اقتصادی چیلنجز برقرار ہیں جن کی وجہ سے عوام میں اضطراب اور بے چینی بڑھ رہی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت مسلسل پیٹرولیم مصنوعات اور گیس کی قیمتوں میں اضافے سے عوام اور تاجروں کا استحصال کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ ملک کو غریب عوام ٹیکس ادا جبکہ بیوروکریسی بے دریغ لوٹ رہی ہے آئی ایم ایف کی شرائط صرف غریب عوام پر لاگو اور اشرافیہ ملک کو لوٹنے میں مصروف ہے مہنگائی ختم کرنے کے بلند و بانگ دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے انہوں نے کہا کہ معاشی ابتری، مہنگائی، اور بیروزگاری کے باعث لاکھوں ہنرمند نوجوانوں نے ملک چھوڑ دیا ملکی معیشت کی تباہ کاریاں کسی سے پوشیدہ نہیں حکمران صرف معاشی ترقی کی کھوکھلی تسلیوں سے قوم کو دھوکہ دے رہے ہیں اور قوم دیکھ رہی ہے نااہل حکمرانوں کی وجہ سے ملکی معیشت وینٹی لیٹر پر ہے بیروزگاری، مہنگائی کی شرح میں کمی نہ لا سکی بلکہ توانائی مصنوعات میں اضافے، پیٹرولیم مصنوعات اور توانائی پر سبسڈی ختم کرنے، مختلف ٹیکسز میں اضافے، اداروں کی نجکاری جاری ہے انہوں نے کہا کہ سلیکٹڈ حکومت میں آزادانہ اور خودمختار معاشی پالیسیوں کی صلاحیت نہیں رہی۔

# باپ پارٹی کون لیگ میں ضم کرنے کی تصدیق نہ ہوسکی

**پارٹی کے رکن اسمبلی نے اسلام آباد میں ن لیگی قیادت سے خواہش ظاہر کی**

**کسی اہم فورم پر اس حوالے سے بات چیت نہیں ہوئی، سینئر رہنما باپ**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے بعض رہنماؤں کی جانب سے اپنی جماعت کو مسلم لیگ (ن) میں ضم کرنے کی خواہش کا اظہار، تاہم اس حوالے سے تاحال کوئی پیش رفت نہ ہوسکی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ایک سینئر رہنما نے ........ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

صحافیوں کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران انکشاف کیا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے ایک رکن صوبائی اسمبلی جو پارٹی کے مرکزی رہنما بھی ہیں نے گزشتہ دنوں اسلام آباد میں مسلم لیگ (ن) کے بعض رہنماؤں کے ساتھ ملاقاتوں کے دوران اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی کا مسلم لیگ (ن) میں انضمام کیا جائے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 01 APR 2026 Page No. 21


ترقی یافتہ جھالاوان میرا خواب

# علاقے و عوام کی خوشحالی سیاست کا محور ہے نواب زہری

## چیف آف جھالاوان کا نوابزادہ امیر زہری کے ہمراہ انجیرہ کا دورہ، شہداء کی قبروں پر حاضری، پھول چڑھائے، وفود سے ملاقاتیں، حکام کی بریفنگ

## دورہ کا مقصد ضمنی انتخاب نہیں، عوام میں موجودگی اور مسائل کا حل ہے، عسکری حکام نے زہری میں کرفیو میں نرمی اور جلد ختم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے، گفتگو

خضدار (نمائندہ انتخاب) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ زہری نے اپنے صاحبزادے صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ زہری کے ہمراہ آبائی علاقے تخت جھالاوان انجیرہ و زہری کا دورہ کیا، اس موقع پر انہوں نے شہداء زہری پر حاضری

بقیہ نمبر 72 صفحہ 5 پر

دی، پھول چڑھائے اور ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی۔ ان کے ہمراہ قریبی رفقاء بھی موجود تھے۔ انجیرہ میں مختصر قیام کے دوران نواب ثناء اللہ زہری اور نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے مختلف عوامی وفود سے ملاقاتیں کیں، جنہوں نے مسائل سے آگاہ کیا۔ سابق وزیراعلیٰ نے انجیرہ اور زہری میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا جبکہ متعلقہ حکام نے بریفنگ دی۔ وفود سے بات چیت کرتے ہوئے نواب ثناء اللہ زہری نے کہا کہ انجیرہ اور زہری سے ان کے خاندان کا صدیوں پرانا تعلق ہے اور ان کے آباؤ اجداد اسی سرزمین میں مدفون ہیں اور میں کسی کے ڈر یا خوف سے اپنا آبائی علاقہ نہیں چھوڑ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ دورہ خضدار اور جھالاوان میں قیام کا مقصد صرف ضمنی انتخاب نہیں تھا بلکہ اپنے عوام میں موجودگی اور ان کے مسائل کا حل ہے اور اس حوالے سے گزشتہ روز اعلیٰ عسکری حکام نے زہری میں جاری کرفیو میں مزید نرمی اور جلد ختم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی حمایت سے جلد زہری میں امن کی فضاء بحال ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ میری سیاست کا محور جھالاوان اور بلوچستان کے عوام ہیں اور ان کی ترقی و خوشحالی کیلئے اس ہی سرزمین سے جڑا رہوں گا، عوامی خدمت ہمیشہ ان کی اولین ترجیح رہی ہے اور جھالاوان کی ترقی ان کا مشن ہے۔ خضدار میں تعلیمی اداروں کا قیام اور دیگر ترقیاتی منصوبے ان کے وژن ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں ایک ترقی پسند نواب ہوں اور ایک ترقی یافتہ جھالاوان اور بلوچستان میرا خواب ہے۔ جس کی تعبیر کے لئے میں اور میرا فرزند سیاست کر رہے ہیں۔ انجیرہ میں ملاقات کرنے والے وفود میں چیئرمین میونسپل کمیٹی قلات نوابزادہ میر شعیب جان زہری، سردارزادہ ارباب نعیم دہوار، سردار عزت خان چندرانی، عبدالرشید نیچاری، عبدالعلیم نیچاری اور عمران علیزئی و دیگر شامل تھے۔

امن وامان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 01 APR 2026 Page No. 22

## کوئٹہ: دھماکے سے تباہ گیس پائپ لائن کی مرمت شروع نہ ہو سکی

**کوئٹہ کے مختلف علاقوں سمیت متعدد اضلاع کو تاحال گیس کی فراہمی معطل**

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں مغربی بائی پاس پر کلی ملی کے قریب دھماکے سے تباہ ہونے والی گیس پائپ لائن کی مرمت کا کام شروع نہ ہو سکا سیکورٹی کلیئرنس ملنے کے...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

بعد متاثرہ پائپ لائن کی مرمت شروع کی جائے گی گیس پائپ لائن پھٹنے کی وجہ سے مختلف علاقوں کو گیس کی فراہمی معطل ہونے کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے یاد رہے کہ گزشتہ روز نامعلوم دہشت گردوں نے دھماکہ خیز مواد سے مغربی بائی پاس پر کلی ملی کے قریب 18 انچ قطر گیس پائپ لائن کو اڑا دیا تھا جس سے کوئٹہ، مستونگ، قلات، پشین، کچلاک، زیارت، ہزارہ ٹاؤن، ہزار گنجی خروٹ آباد، پشتون باغ، خیزئی، نوحصار سمیت مختلف علاقوں کو گیس کی فراہمی معطل ہے گیس کی فراہمی نہ ہونے کی وجہ سے صارفین خصوصاً خواتین کو امور خانہ داری میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

## ہزار گنجی میں فائرنگ جان محمد روڈ کا رہائشی احتشام گجر شہید

**نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے تفتان بس اڈہ کے قریب فائرنگ کی**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ہزار گنجی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے احتشام گجر شہید ہوگئے۔ وہ مزدور رہنما و سابق صدر ورکنگ پریس ایمپلائز یونین سول سیکرٹریٹ شفیق احمد گجر کے صاحبزادے تھے احتشام ولد محمد شفیق قوم گجر سکنہ جان محمد روڈ عمر تقریباً 40 سال واقع ہزار گنجی بس اڈہ تفتان اسٹاپ کے قریب ......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

دو نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے شہید کیا اور موٹر سائیکل پر فرار ہو گئے، فائرنگ کے واقعہ کی مزید تفتیش علاقہ پولیس کر رہی ہے۔ فائرنگ کے واقعہ میں ایک شخص حسن ولد قائم خان زخمی ہوئے جسے سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا

## کچلاک پولیس کی کارروائی 3 ملزمان گرفتار، چرس و مسروقہ گاڑی برآمد

**روپوش پال گرفتار، ملزمان کے خلاف مقدمات درج، مزید کارروائی جاری ہے، پولیس**

کوئٹہ (آن لائن) کچلاک پولیس نے 2 مختلف کارروائیوں میں مسروقہ گاڑی اور چرس برآمد کر کے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ آصف خان کی خصوصی ہدایت پر ایس پی صدر ڈویژن عثمان عزیز میر کی نگرانی میں ڈی ایس پی عابد جدون، ایس ایچ او جمیل الرحمان کاکڑ نے کارروائی کرتے ہوئے چوری......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کی گئی گاڑی برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا جبکہ دوسری کارروائی میں عزیز اللہ سے 4 کلو چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا ایک اور کارروائی میں روپوش ملزم پال کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف کارروائی شروع کر دی۔

AZADI QUETTA

## فلیجی سے مسلح افراد نے ایک شخص کو اغواء کر لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) چھتر کے علاقے فلیجی سے نوجوان کو اغواء کر لیا گیا پولیس کے مطابق نصیر آباد کی تحصیل چھتر پولیس تھانہ فلیجی کی حدود سے دن دھاڑے نامعلوم مسلح افراد نے چرواہے سید ایاز علی ولد سید غلام حسین شاہ کو اغواء کر کے اپنے ساتھ لے گئے واقعے کے (بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 7 پر

بارے میں مزید فلیجی پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

Century Express Quetta

## پسند کی شادی پر سسرال والے دھمکیاں دے رہے ہیں، حمید اللہ

**ایک قبائلی شخصیت نے میرے والد کو اغواء کر کے تشدد کا نشانہ بنایا، تحفظ دیا جائے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خاران کے رہائشی حمید اللہ نے کہا ہے کہ انہوں نے پسند کی شادی کی ہے، حکومت میرے سسرال والوں کی ایماء پر قبائلی شخصیت کی جانب سے میرے والد کو اغواء کر کے تشدد کا نشانہ بنانے کا نوٹس لے اور ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے اپنی اہلیہ کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے پانچ ماہ قبل پسند کی شادی کی اور اب تک کوئٹہ میں رہائش پذیر ہوں ہماری شادی کے حوالے سے معاملہ عدالت میں زیر سماعت ہے میرے سسرال والوں کی جانب سے مجھے دھمکیاں دی جا رہی ہیں اور ان کی ایماء پر ایک قبائلی شخص نے میرے والد کو اغواء کر کے تشدد کا نشانہ بنایا جس کے شواہد میرے پاس موجود ہیں حکومت میرے والد کو بازیاب اور ہمیں تحفظ دے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 01 APR 2026 Page No. 23

## پسنی: پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا، شہری پریشان

**عوام پانی کی بوند بوند کو ترسنے لگے، بارشوں کے باعث سپلائی متاثر**

گوادر (این این آئی) پسنی میں بارشوں کے بعد پانی کا شدید بحران، شہری بوند بوند کو ترس گئے، پانی کی قلت نے روزمرہ زندگی مفلوج کر دی، سرکاری فراہمی کا انتظام متاثر، شہریوں کو گھریلو استعمال کے لیے بھی پانی میسر نہیں، عوام کی ہنگامی اقدامات کی اپیل۔ تفصیلات کے مطابق حالیہ بارشوں کے بعد پسنی میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا ہے جس کے باعث شہری شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ حالیہ بارشوں کے بعد جہاں ایک طرف نشیبی علاقے زیر آب آ گئے وہیں دوسری جانب پینے کے صاف پانی کی قلت مزید بڑھ گئی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گھریلو استعمال کے لیے پانی دستیاب نہیں، اور وہ بوند بوند کو ترس رہے ہیں۔ مقامی آبادی کے مطابق سرکاری سطح پر پانی کی فراہمی کا انتظام بری طرح متاثر ہے جس کے باعث شہریوں کی روزمرہ زندگی شدید متاثر ہو رہی ہے۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے

INTEKHAB QUETTA

## اوستہ محمد: ٹینڈرز میں مبینہ بے ضابطگیوں پر کنٹریکٹرز سراپا احتجاج

**میونسپل کارپوریشن میں جاری ترقیاتی کاموں کی منصفانہ تقسیم نہ ہونے سے دیگر رجسٹرڈ ٹھیکیداروں میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے، ارشاد احمد ابڑو، عبدالسلام جمالی و دیگر**

اوستہ محمد (آئی این پی) میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد میں آج ہونے والے ٹینڈرز میں مبینہ بے ضابطگیوں اور شفافیت کے فقدان کے خلاف گورنمنٹ کنٹریکٹرز کی جانب سے میونسپل کارپوریشن آفس کے سامنے احتجاجی کیمپ قائم کر دیا گیا جہاں مظاہرین نے نعرے بازی بھی کی۔ احتجاجی کیمپ میں شریک ٹھیکیداروں، جن میں ارشاد احمد ابڑو، عبدالسلام جمالی، محبوب علی وایہ اور دیگر شامل تھے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے الزام عائد کیا کہ چیف آفیسر نے مبینہ طور پر پلی بگت کے ذریعے مخصوص ٹھیکیداروں کو نوازا اور ٹینڈر کے عمل کو غیر شفاف رکھا جس کی وہ مذمت کرتے ہیں۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ میونسپل کارپوریشن میں جاری ترقیاتی کاموں کی منصفانہ تقسیم نہ ہونے سے دیگر رجسٹرڈ ٹھیکیداروں میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تمام ٹینڈرز کو مکمل شفافیت کے ساتھ اوپن کیا جائے اور کام میرٹ اور برابری کی بنیاد پر تمام اہل ٹھیکیداروں میں تقسیم کیے جائیں تاکہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔ ٹھیکیداروں نے کہا کہ اگر ان کے مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو وہ اپنے احتجاج کا دائرہ وسیع کریں گے اور متعلقہ اعلیٰ حکام تک اپنی آواز پہنچائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ کسی صورت بدعنوانی اور اقربا پروری کو برداشت نہیں کریں گے۔ مظاہرین نے کہا کہ جب تک میونسپل کارپوریشن کے ٹینڈرز کو شفاف اور اوپن نہیں کیا جاتا، ان کا احتجاجی کیمپ جاری رہے گا اور وہ اپنے حقوق کے حصول کے لیے ہر ممکن قانونی اور جمہوری راستہ اختیار کریں گے۔

## خضدار: ایل پی جی کی قیمتیں آسمان کو چھونے لگیں، صارفین پریشان

**پورے ملک میں ایل پی جی گیس کی قیمت برقرار ہے مگر خضدار میں ایل پی جی گیس خضدار میں اچانک بڑھ گئی ہے، حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار شہر میں ایل پی جی گیس کی من مانی قیمتیں آسمان کو چھونے لگی ہے شہر میں روزانہ درجنوں مافیاز سر اٹھانے لگی ہے پورے ملک میں ایل پی جی گیس کی قیمت برقرار ہے مگر خضدار میں ایل پی جی گیس خضدار میں اچانک بڑھ گئی ہے خضدار میں مافیاز طاقتور کی شکل اختیار کر چکی ہے لوگوں کی کھالیں نکال رہی ہیں خضدار میں چیک اینڈ بیلنس کا فقدان ہے پورے سال ایک مرتبہ پرائس کنٹرول کمیٹی خانہ پوری کی خاطر شہر کا سیر و تفریح کر کے لوگوں کی آنکھوں میں دھول جھونک دیتے ہیں اس سے خضدار کے فرعونی سوچ کے مالک تاجر منافع خور لوگوں کو سستی چیزیں دینے کا سوچ ذہین سے نکال دی ہے خضدار میں گیس کی قیمت کو اعتدال میں لانے کیلئے پرائس کنٹرول کمیٹی فعال کردار ادا کریں خضدار ایک لاوارث شہر بن چکی بلوچستان کا دوسرا بڑا شہر میں لاقانونیت کی انتہا ہو چکی ہے شہر میں تاجر برادری مکمل طور پر بے لگام ہے ہر چیز اپنے مرضی کا بیچا جا رہا ہے ایل پی جی گیس کی قیمت آسمان سے باتیں کر رہی ہے خضدار میں مافیاز کی بھرمار نے شہریوں کا جینا حرام کر دیا ہے پہلے خضدار کو صوبے کا سب سے سستی شہر سمجھا جاتا تھا اب سب سے زیادہ مہنگا شہر کا اعزاز حاصل کر چکی ہے اور عوام مافیاز کی بھرمار سے عاجز آ چکی ہے۔ خضدار کے عوامی و سیاسی حلقوں ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ و دیگر حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ خضدار شہر میں مافیاز کے خلاف سخت کارروائی کر کے عوام کو ریلیف فراہم کریں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

Bullet No. 5 Dated 01 APR 2026 Page No. 24

## مستونگ مسائل کا گڑھ بن چکا، اسٹریٹ کرائمز، پانی کی قلت عوام کا جینا محال

### سمارٹ لاک ڈاون کے نام پر تعلیمی اداروں کی بندش قابل مذمت ہے، نیشنل پارٹی مستونگ

مستونگ (نامہ نگار) نیشنل پارٹی مستونگ کے ضلع سیکرٹریٹ میں پارٹی کے ضلعی، تحصیل و لیبر ونگ کے عہدیداران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں علاقائی، ملکی اور بین الاقوامی سیاسی صورتحال سمیت تنظیمی امور اور عوامی مسائل پر تفصیلی اظہار خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ضلعی صدر میر سکندر ملازئی، جنرل سیکرٹری سجاد دہوار، سوشل میڈیا سیکرٹری وزیر خان شاہوانی، ضلعی لیبر ونگ کے صدر ظفر بلوچ، تحصیل ٹی کے صدر رحمت بلوچ، نائب صدر امداد بلوچ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری عمران بلوچ اور دیگر سینئر دوست موجود تھے۔ رہنماں نے کہا کہ مستونگ مسائل کا گڑھ بن چکا ہے جہاں اسٹریٹ کرائمز کی بڑھتی صورتحال، شہر میں پانی کا بحران، صفائی کی گھمبیر صورتحال اور تعلیم و صحت کے مسائل عوام کے لیے درد سر بن گئے ہیں اور لوگوں کے جان و مال محفوظ نہیں۔ اجلاس میں سمارٹ لاک ڈاون اور توانائی بحران کے نام پر اسکولوں کی بندش کو حکومت کا تعلیم دشمن اقدام قرار دیتے ہوئے اس کی بھرپور مذمت کی گئی اور کہا گیا کہ بلوچستان پہلے ہی تعلیمی پسماندگی کا شکار ہے، جبکہ فارم 47 کی صوبائی حکومت اسے مزید پسماندگی کی طرف دھکیل رہی ہے۔ لہٰذا حکومت یہ اقدام فوری واپس لے کر تعلیمی ادارے کھولنے کا نوٹیفکیشن جاری کرے۔ رہنماں نے مستونگ میں بڑھتی ہوئی چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ پولیس انتظامیہ کی غفلت سے دن دہاڑے دکانوں میں لوٹ مار اور موٹر سائیکل چھیننے کی وارداتیں واضح ثبوت ہیں۔ ڈی پی او مستونگ امن و امان کی بحالی کے لیے فوری اقدامات کریں۔ پینے کے پانی کے حوالے سے کہا گیا کہ 15 واٹر سپلائی ٹیوب ویلوں کے ہوتے ہوئے عوام کو پانی نہ ملنا محکمہ پی ایچ ای کی نااہلی ہے، جس پر ڈپٹی کمشنر اور ایکسین پی ایچ ای کو ایکشن لینا چاہیے۔ بین الاقوامی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے کہا گیا کہ حالیہ ایران، امریکہ اور اسرائیل تنازع سے دنیا خصوصاً وسطی و جنوبی ایشیا متاثر ہوں گے، جسے سفارتی طریقے سے حل کرنے کی ضرورت ہے۔ رہنماں نے واضح کیا کہ بلوچستان کا مسئلہ طاقت سے نہیں بلکہ سیاسی طور پر حل ہو سکتا ہے، لیکن حکمران گزشتہ ستر سالوں سے طاقت کے ذریعے حل کرنا چاہ رہے ہیں۔ جب تک اسلام آباد کی سوچ تبدیل نہیں ہوگی، صورتحال مزید گھمبیر ہوگی۔ ملک کے مسائل کا حل صاف شفاف انتخابات اور حقیقی جمہوریت کے قیام میں ہے۔ آخر میں تنظیمی امور پر غور کیا گیا اور ضلعی صدر میر سکندر ملازئی نے اعلان کیا کہ عنقریب ضلع کونسل کا اجلاس طلب کر کے اہم تنظیمی فیصلے کیے جائیں گے۔

AZADI QUETTA

## کوٹھ نیک محمد پندرانی جدید دور میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم

### متعدد بار بجلی کی فراہمی کیلئے سروے کیے، تاحال عملی کام کا آغاز نہ ہوسکا

### کوٹھ کو فوری طور پر بجلی کی سہولت فراہم کی جائے، عوامی حلقوں کا مطالبہ

اوستہ محمد (نامہ نگار) بلوچستان کے ضلع اوستہ محمد کے نواحی علاقے کوٹھ نیک محمد پندرانی، نزد لاجواب، جدید دور میں بھی بنیادی سہولت یعنی بجلی سے محروم ہے۔ علاقے کے اطراف میں بجلی کی سہولت موجود ہونے کے باوجود کوٹھ کے مکین تاحال اس نعمت سے مستفید نہیں (بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 5 پر) ہو سکے۔ مقامی افراد کے مطابق متعدد بار بجلی کی فراہمی کے لیے سروے کیے جا چکے ہیں، تاہم ابھی تک عملی کام کا آغاز نہیں کیا گیا۔ شدید گرمی اور حبس کے موسم میں بجلی نہ ہونے کے باعث خواتین، بچوں اور بزرگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ روزمرہ زندگی بھی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی عدم دستیابی کے باعث نہ صرف گھریلو امور متاثر ہیں بلکہ پینے کے پانی کی فراہمی بھی ایک بڑا مسئلہ بن چکی ہے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام کی عدم توجہی پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اہل علاقہ نے صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان جمالی اور اعلیٰ حکام سے پرزور اپیل کی ہے کہ کوٹھ نیک محمد پندرانی کو فوری طور پر بجلی کی سہولت فراہم کی جائے، تاکہ عوام کو اس شدید گرمی اور مشکلات سے نجات مل سکے۔

QUDRAT QUETTA

## حب شہر و گردونواح میں مچھر مار اسپرے مہم شروع کی جائے، عوامی حلقے

### مچھروں کی بہتات کے باعث ملیریا سمیت مختلف بیماریاں پھیل رہی ہیں، بیان

حب (یو این اے) صنعتی شہر حب میں ان دنوں مچھروں کی غیر معمولی افزائش نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، جبکہ شہر بھر میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر صورتحال کو مزید سنگین بنا رہے ہیں۔ متعلقہ اداروں کی مبینہ غفلت کے باعث صفائی ستھرائی کا نظام مکمل طور پر درہم برہم دکھائی دیتا ہے، جس کے نتیجے میں مچھروں کی افزائش میں خطرناک حد تک اضافہ بقیہ 18 صفحہ 5 پر ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مختلف علاقوں میں کچرے کے ڈھیر، نالوں میں جمع گندا پانی اور نکاسی آب کے ناقص انتظامات مچھروں کی افزائش کے بڑے اسباب بن چکے ہیں۔ شام ڈھلتے ہی مچھروں کی بھرمار شہریوں کے لیے عذاب بن جاتی ہے، جبکہ گھروں، مساجد اور دیگر مقامات پر بھی لوگوں کو سکون میسر نہیں رہا۔ اس سنگین صورتحال کے باعث شہریوں، خصوصاً بچوں، بزرگوں اور مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ ملیریا، ڈینگی اور دیگر وبائی امراض کے پھیلنے کے خدشات بھی سر اٹھانے لگے ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ متعدد بار شکایات کے باوجود متعلقہ محکمے مؤثر اقدامات کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں، جس سے عوامی بے چینی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر بھر میں ہنگامی بنیادوں پر فیومیگیشن (اسپرے مہم) شروع کی جائے، گندگی کے ڈھیروں کو فوری طور پر اٹھایا جائے اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنایا جائے تاکہ شہریوں کو اس اذیت ناک صورتحال سے نجات مل سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA 01 APR 2026

Bullet No. 6 No. 25

# بلوچستان کے نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ

بلوچستان کے نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں کیونکہ یہی نوجوان مستقبل کے معمار ہیں انہوں نے ہی آگے چل کر ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالنی ہے بلوچستان کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ بھی بہت زیادہ ہے لیکن اس کے باوجود افسوس کی بات یہ ہے کہ ان نوجوانوں کی وفاق کی سطح پر کوئی حوصلہ افزائی نہیں کی جارہی۔

گزشتہ روز بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے سعودی عرب کی افرادی قوت کی ضروریات کے مطابق مہارتوں کی ترقی کے اقدامات پر غور کیلئے اجلاس میں شرکت کی اجلاس میں ڈاکٹر شعیب احمد کی سربراہی میں زیرک ہاؤس آف قاصب اور کیس گیئر کے نمائندگان بھی شریک ہوئے اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ سعودی عرب کی منڈی کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے نوجوانوں کو جدید اور مطلوبہ مہارتوں سے آراستہ کیا جائے تاکہ روزگار کے بہتر مواقع فراہم کی جاسکیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بلال خان کاکڑ نے واضح کیا کہ بلوچستان کے نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں عالمی منڈی کے تقاضوں کے مطابق ہنر مند بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ سعودی عرب سمیت بین الاقوامی منڈیوں میں روزگار کے بہتر مواقع سے فائدہ اٹھانے کیلئے معیاری تربیت، جدید مہارتوں اور مضبوط ادارہ جاتی روابط کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کا سعودی کی افرادی قوت کی ضروریات کے مطابق مہارتوں کی ترقی کے اقدامات پر غور کیلئے ہونیوالے اجلاس میں شرکت اور اس سے خطاب بلاشبہ قابل تعریف اقدام ہے کیونکہ یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ بلال خان کاکڑ بلوچستان کے نوجوانوں کے تابناک مستقبل کیلئے کوشاں ہیں، وہ بحیثیت بلوچستان سرمایہ کاری کے وائس چیئرمین کی حیثیت سے اکثر غیر ملکی سرمایہ کاروں سے بلوچستان کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کرنے کیلئے ملاقاتیں کرتے رہتے ہیں کیونکہ ان کا عزم ہے کہ بلوچستان کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کی جائے تاکہ اس سے نہ صرف نوجوانوں کو روزگار میسر ہوسکے بلکہ صوبے ترقی کے منازل طے کرسکے۔اس وقت صوبے میں پرائیویٹ سیکٹر میں کوئی صنعتیں اور کارخانے نہ ہونے کے برابر ہیں جس کے مقابلے میں صوبے کو نوجوانوں کی ایک بہت بڑی تعداد بے روزگار ہے اور ان کا انحصار سرکاری ملازمتوں پر ہے جو کہ ان کو نہیں مل رہیں کیونکہ اگر کسی محکمے میں چند خالی آسامیاں آتی ہیں ان کیلئے امیدواروں کی ایک بہت بڑی تعداد درخواستیں جمع کرواتی ہے اس طرح ان کیلئے یہ نوکری بڑا چیلنج بن جاتی ہے اور وہ یہ نوکری حاصل نہیں پاسکتا۔

بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے ذرائع تلاش کرنے چاہئیں تاکہ وہ برسر روزگار آسکیں اس کیلئے بلوچستان سرمایہ کاری کا اہم کردار ہے جو بخوبی ادا کر رہا ہے اس میں اس میں مزید بہتری لائی جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 01 APR 2026 Page No. 26

# Focusing highways

The crumbling state of the highways in Balochistan has long transcended the status of a mere infrastructural deficit; it is now a recurring humanitarian crisis that unfolds daily on the asphalt. For a province that constitutes nearly half of the country's landmass and serves as the gateway to multibillion-dollar international trade corridors, the neglect of its primary arteries is both a strategic paradox and a moral failure. The "killer highways," as they are now grimly dubbed by locals, have become synonymous with high-speed fatalities, mechanical wreckage, and a profound sense of isolation from the national center.

The reality on the ground is a stark departure from the glossy presentations of developmental progress. Routes like the N-25, which connects Karachi to Quetta, and the N-50, linking the provincial capital to Zhob, are often little more than narrow, single-lane strips of weathered bitumen winding through treacherous terrain. These roads were never designed to handle the sheer volume of heavy freight and high-speed passenger traffic they currently carry. The absence of dualization means that a single error in judgment during an overtake often necessitated by slow-moving convoys frequently results in head-on collisions that leave no survivors.

Compounding the structural decay is the alarming lack of basic safety infrastructure. Hundreds of kilometers pass without a single functional emergency medical center, trauma unit, or even reliable mobile connectivity. For those involved in accidents, the "golden hour" for medical intervention is an impossibility; victims often succumb to their injuries in the back of private vehicles during agonizingly long journeys to Quetta or Karachi. This is not merely a matter of bad luck, but a direct consequence of a planning philosophy that prioritizes the movement of goods over the safety of the citizens living along these routes.

The financial justifications often cited for the slow pace of work budgetary constraints and security challenges ring hollow when weighed against the strategic importance of the region.

If Balochistan is to be the centerpiece of the China-Pakistan Economic Corridor (CPEC) and a hub for regional connectivity, its internal road network cannot remain a relic of the past. Beyond the economic lens, there is a fundamental right to safe passage. The current state of these highways sends a damaging message of marginalization to the people of Balochistan, suggesting that their lives are secondary to the transit of cargo.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6 Dated: 01 APR 2026 Page No. 27

# پی ڈی ایم اے بلوچستان: بحران سے ردعمل تک نہیں بلکہ ریاستی طاقت اور عوامی اعتماد کی علامت بننے کا سفر



تحریر: آغا سید حیدر شاہ

بلوچستان جیسے صوبے میں جہاں آفات کوئی وقتی واقعہ نہیں بلکہ ایک مسلسل حقیقت ہیں وہاں اداروں کی اصل پہچان ان کے دعوؤں سے نہیں بلکہ میدانِ عمل میں ان کی کارکردگی سے ہوتی ہے اور اسی تناظر میں Provincial Disaster Management Authority Balochistan کی کارکردگی سنجیدہ توجہ کی مستحق ہے کیونکہ آج جو منظر سامنے آ رہا ہے وہ محض ایک سرکاری ادارے کی روایتی کارکردگی نہیں بلکہ ایک ایسے نظام کی تدریجی تبدیلی ہے جو کبھی صرف ردعمل تک محدود تھا مگر اب بتدریج پیشگی تیاری، بہتر تنظیم اور مستقبل کی حکمت عملی کی جانب بڑھ رہا ہے، اصل سوال یہ نہیں کہ چیلنجز موجود ہیں یا نہیں کیونکہ بلوچستان جیسے خطے میں سیلاب، خشک سالی، زلزلے اور سماجی و معاشی مسائل ہمیشہ موجود رہیں گے بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ کیا ادارہ ان چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے خود کو تبدیل کر رہا ہے اور اس حوالے سے پی ڈی ایم اے بلوچستان واضح طور پر ارتقاء کے عمل سے گزر رہا ہے، صوبائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر کا قیام محض ایک انفراسٹرکچر نہیں بلکہ اس بات کا اعلان ہے کہ اب رابطہ کاری اور بروقت فیصلے ترجیح بن چکے ہیں، اسی طرح World Food Programme کے تعاون سے ہیومینیٹیرین ذخیرہ گاہوں کا قیام اس سوچ کی عکاسی کرتا ہے کہ ادارہ اب صرف آخری لمحے کے ردعمل کے بجائے پیشگی تیاری پر یقین رکھتا ہے، تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ کسی بھی ادارے کی کامیابی صرف سہولیات سے نہیں بلکہ اس کی رسائی سے ناپی جاتی ہے اور یہاں 80 ہزار سے زائد متاثرہ خاندانوں تک امداد کی فراہمی اس بات کا ثبوت ہے کہ نظام مکمل طور پر زمینی حقائق سے کٹا ہوا نہیں، مگر یہ سفر ابھی مکمل نہیں ہوا کیونکہ ناقص شہری منصوبہ بندی، قدرتی آبی گزرگاہوں پر تجاوزات اور ڈیزاسٹر آگاہی کی کمی جیسے مسائل اب بھی خطرات کو بڑھا رہے ہیں، مثبت پہلو یہ ہے کہ World Bank کے اشتراک سے موسمیاتی تبدیلی کے مطابق مکانات کی تعمیر جیسے اقدامات یہ ظاہر کرتے ہیں کہ ادارہ عارضی حل کے بجائے طویل مدتی سوچ اختیار کر رہا ہے جبکہ گوادر میں United Nations Development Programme کے تعاون سے سونامی ارلی وارننگ سسٹم کی تنصیب اس بات کا ثبوت ہے کہ اب ڈیزاسٹر مینجمنٹ کو مقامی نہیں بلکہ عالمی تناظر میں دیکھا جا رہا ہے، تاہم یہ بھی واضح ہے کہ ٹیکنالوجی اس وقت تک موثر نہیں ہو سکتی جب تک اس کے ساتھ تربیت یافتہ افرادی قوت اور مستقل پالیسی سمت موجود نہ ہو اور یہی وہ مقام ہے جہاں صلاحیت سازی اینڈ ریسکیو ٹریننگ اور ریسکیو 1122 کے پھیلاؤ جیسے اقدامات انتہائی اہمیت اختیار کر جاتے ہیں کیونکہ مضبوط ریسپانس فورس کے بغیر بہترین نظام بھی بے اثر ہو جاتا ہے، ایک اور مثبت پہلو یہ ہے کہ National Disaster Management Authority Pakistan اور PDMA Sindh جیسے اداروں کے ساتھ بڑھتا ہوا تعاون اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کو اب ایک مشترکہ قومی ذمہ داری کے طور پر لیا جا رہا ہے، تاہم ایک تنقیدی نظر یہ سوال بھی اٹھاتی ہے کہ کیا روک تھام کے حوالے سے کافی اقدامات کیے جا رہے ہیں کیونکہ حقیقی کامیابی تب ہوتی ہے جب تباہی کے بعد نہیں بلکہ اس سے پہلے خطرات کو کم کیا جائے اور اس کے لیے جی آئی ایس بیسڈ رسک اسیسمنٹ، غیر قانونی تعمیرات کے خلاف سخت اقدامات اور جدید ڈیزاسٹر مینجمنٹ اداروں کا قیام ناگزیر ہے، Asian Development Bank جیسے عالمی اداروں کی جانب سے اعتراف اور International Federation of Red Cross and Red Crescent Societies اور United Nations Office for the Coordination of Humanitarian Affairs جیسے اداروں کا تعاون یقیناً پی ڈی ایم اے کی ساکھ کو مضبوط بناتا ہے مگر ساکھ کو برقرار رکھنے کے لیے تسلسل، شفافیت اور جوابدہی بھی ضروری ہے، Pakistan Bureau of Statistics کے اعداد و شمار اور Oxford Policy Management کی تحقیق میں 60 سے 75 فیصد بہتری کی نشاندہی حوصلہ افزا ہے مگر یہ بہتری کسی بھی صورت اطمینان کا باعث نہیں بننی چاہیے کیونکہ بلوچستان کے چیلنجز بھی اسی قدر بڑے ہیں، حقیقت یہ ہے کہ پی ڈی ایم اے بلوچستان اس وقت ایک ایسے مرحلے پر کھڑا ہے جہاں اس نے اپنی ابتدائی کمزوریوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے مگر ابھی اپنی مکمل صلاحیت تک نہیں پہنچا اور یہی عبوری مرحلہ فیصلہ کرے گا کہ آیا یہ ادارہ ایک مثالی ماڈل بنے گا یا ایک جزوی کامیابی تک محدود رہے گا، میری رائے میں سمت درست ہے، نیت واضح ہے اور پیش رفت قابلِ ذکر ہے مگر وقت کا تقاضا ہے کہ رفتار تیز کی جائے، دائرہ کار وسیع کیا جائے اور ادارہ جاتی اصلاحات کو مزید گہرا کیا جائے کیونکہ بلوچستان کے عوام کو صرف آفات کے بعد امداد نہیں بلکہ آفات سے پہلے تحفظ درکار ہے اور اگر پی ڈی ایم اے اسی سمت میں مضبوطی، تسلسل اور جوابدہی کے ساتھ آگے بڑھتا رہا تو یہ ادارہ محض ایک ڈیزاسٹر رسپانس ادارہ نہیں بلکہ استقامت، حکمرانی اور عوامی اعتماد کا حقیقی ستون بن سکتا ہے۔